صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 15 جنوری 2018ء بمطابق 27 ربیع الثانی 1439 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدرات پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَقَالُوٓا أَءِذَا ضَلَلْنَا فِى ٱلْأَرْضِ أَءِنَّا لَفِى خَلْقٍ جَدِيدٍۭ ۚ بَلْ هُم بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كَـٰفِرُونَ o " قُلْ يَتَوَفَّىٰكُم مَّلَكُ ٱلْمَوْتِ ٱلَّذِى وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ o وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذِ ٱلْمُجْرِمُونَ نَاكِسُوا۟ رُءُوسِهِمْ عِندَ رَبِّهِمْ رَبَّنَآ أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَٱرْجِعْنَا نَعْمَلْ صَـٰلِحًا إِنَّا مُوقِنُونَ۔

(ترجمہ) اور کہنے لگے کہ جب ہم زمین میں ملیامیٹ ہو جائیں گے تو کیا از سر نو پیدا ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے پروردگار کے سامنے جانے ہی کے قائل نہیں کہہ دو کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور تم (تعجب کرو) جب دیکھو کہ گنہگار اپنے پروردگار کے سامنے سر جھکائے ہوں گے (اور کہیں گے کہ) اے ہمارے پروردگار ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا تو ہم کو (دنیا میں) واپس بھیج دے کہ نیک عمل کریں بے شک ہم یقین کرنے والے ہیں۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: یہ تین چار Bills ہیں، میں ایجنڈے میں تھوڑی امنڈمنٹ لاتا ہوں، اس کے بعد ان شاء اللہ آپ کو پورا موقع دوں گا، میں نے ان کے ساتھ ڈسکس کیا ہے تو میں شکیل صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ پلیز آپ وہ ٹیبل کر لیں۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: اچھا، یہ جتنے ہمارے ایم پی ایز صاحبان آج چھٹی پر ہیں، میں ان کی Leave کے لئے ریکویسٹ کروں گا: جناب مشتاق غنی صاحب 15 جنوری، ڈاکٹر حیدر علی صاحب، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، الحاج ابرار حسین صاحب، الحاج صالح محمد صاحب، طفیل انجم صاحب، سردار ظہور، اعظم خان درانی، حاجی انور حیات، جمشید مہمند، وجیہہ الزمان خان 15تا19 جنوری، گوہر نواز خان، میڈم دینہ ناز منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب بخت بیدار: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی، پوائنٹ آف آرڈر، جی بخت بیدار صاحب، بخت بیدار۔

رسمی کارروائی

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب، شکریه چې تاسو مونږ له په پوائنټ آف آرډر باندې یو خبرې له موقع را کړه. په دې صوبه کښې او خاصکر زما ضلع دیر لوئر کښې ټول کرش پلانټونه بند شوی دي، د هغې سره تعمیر و ترقی رکاؤ شوې ده، ورسره په زرګونه خلق بې روزګاره شوے دے، زه د دې صوبائی حکومت نه ستاسو په توسط دا خبره کول غواړم چې فوری طور د دا کرش پلانټونه کهلاؤ شی، که نه وی تعمیر و ترقی هم بند شوه او روزګار هم مطلب دا دے چې په زرګونو خلق بې روزګاره شول، مهربانی د اوکړی چې دا د کهلاؤ کړی.

جناب سپیکر: بخت بیدار صاحب، دا کیس دا چې کوم سپریم کورټ کښې څه فیصله شوې وه په دې باندې جی، جی جعفر شاه صاحب.

جناب جعفر شاہ: بخت بیدار خان خبره اوکړه جی مونږه ټول د دې تائید کوؤ-----

جناب سپیکر: زرګل خان! ته به Response کوې یا اشتیاق به Respond کوی جی.

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب، مونږه د دې تائید کوؤ ځکه چې دیکښې په زرګونو خلق نه چې په لکهونو خلق بې روزګاره شول، یو پروسیجر ورله اوګورئ چې کوم ځائې کښې Environment degradation کیږی نو ټهیک ده هغې کښې څه خبره نه ده، د هغې سره د کیږی خو دا ده چې مکمل طور دا بندول، د هغوی د روزګار هسې هم دا حل دے، د عربو هم دا حال شو، نو دا خلق به جناب! څه کوی؟ بله خبره جی سی پیک شروع دے، دا به هغلته کښې اوس روډونه او په هغې باندې چې کار کیږی خلق به پته نه لګی باجرئ له به پیښور ته راځی، ډیره لویه مسئله ده جی۔

جناب سپیکر: اشتیاق خان! پلیز منسٹر انوائرنمنٹ۔

سید محمد اشتیاق (وزیر برائے ماحولیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔جناب سپیکر، په دیکښې نن کیبنټ ایجنډا باندې هم دا زمونږه وو چې کومه کرش مشینری، کوم مائنز والا دی چې هغوی ته کوم مشکلات دی، په دیکښې 24 تاریخ باندې سپریم کورټ یو تاریخ دے، په هغې کښې چیف سیکرټری مونږ مخکښې هم غوښتے وو خو 24 تاریخ پکښې لاسټ تاریخ دے او په هغې کښې به دوئ خپل فائنل لائحه عمل جوړوی، په دیکښې د بلاسټنګ مسئله وه چې یره بلاسټنګ کوم ځائې کښې اوشی، کومه ایریا کښې اوشی، هغې کښې Limitation وو جی، هغې کښې پانچ سو میټر باندې، هزار میټر باندې، په دغې باندې خبرې اوشوې جی باقاعده چې کوم مائنز سره تعلق ساتی لکه څنګه ماربل والا دی جی نو هغوی د پاره چې کوم روډونو باندې دی، د هغوی د پاره د Dust د پاره چې کوم دے اوبه پکار دی، د هغوی د پاره چې کوم هغه Dust د پاره نور څه مسئلې دی، په هغې باندې نن ډسکشن اوشو نو ان شاء الله سی ایم هم Willing دے بلکه زمونږه خپل حکومت دا Willing دے چې دا مسئله حل شی۔

جناب سپیکر: جی جی، دا چونکه جی۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب، مطلب دا دے زمونږ طرف ته خو مطلب دا دے چې دغه بلاسټنګ نه کیږی، هغه خو خوړونو کرش دے او د سیند کرش دے۔

جناب سپیکر: جی سردار ادریس صاحب، آپ بھی یہی بات کرنا چاہتے ہیں؟ اس میں میرے خیال میں چونکہ یہ Subjudice ہے لیکن اس میں اشتیاق خان آپ Kindly اس کو چیک کرلیں کہ جو ہمارے Consumers ہیں، جو اس کاروبار سے متعلق ہیں، ان کے ساتھ میٹنگ کریں اور ان کے Concerns کو Address کرنے کے لئے ایک Mechanism بنائیں۔

وزیر برائے ماحولیات: جو متاثرہ کاروباری لوگ ہیں، ان کو ہم نے ٹائم دیا ہے کہ آپ Apply کریں Within seven days تو آپ کو ان شاء اللہ Response ہوگا۔

جناب سپیکر: جی سردار ادریس صاحب۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: آپ کی بحث تو لمبی ہے، میں صرف اس کو تیاری کرنے کا موقع دیتا ہوں۔

سردار محمد ادریس: گزشتہ دنوں تحصیل لورہ کے اندر وہاں کے جنگلات کو آگ لگی اور وہ آگ بجانے کے لئے محکمہ جنگلات کے اہلکاروں نے وہاں پر اپنی جانوں کی پرواکئے بغیر آگ بجانے کی بھرپور کوشش کی اور اسی دوران چار افراد کی وہاں پہ آگ میں جھلس کر ان کی ڈیتھ ہو گئی ہے جن میں ایک فارسٹر اور تین نگہبان تھے، اور میری یہ گزارش ہے، میں سمجھتا ہوں کہ فرائض کی ادائیگی کے اندر جام شہادت نوش کرنا یہ جس طرح سے پولیس اور دوسرے اداروں کو جنہوں نے جام شہادت نوش کیا ہے، ان کو شہداء پیکج دیا گیا، میں گزارش کروں گا، یہاں پہ منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، ان چاروں شہداء کو نہ صرف Appreciate کیا جائے بلکہ ان کو شہداء پیکج بھی دیا جائے تاکہ ان کے پسماندگان کی اشک شوئی ہو سکے۔

جناب سپیکر: اشتیاق ارمڑ صاحب۔

سید محمد اشتیاق (وزیر برائے ماحولیات): بالکل پچھلے دنوں جو آگ لگی ہوئی تھی ایبٹ آباد کے قریب تو اس میں ہمارے کچھ فارسٹ گارڈ شہید ہو گئے اور دو بری طرح جھلس گئے تھے اس سے پہلے بھی ہمارے ٹمبر مافیا کے خلاف لڑتے ہوئے ہمارے کچھ شہداء تھے، ان شاء اللہ ان کے لئے ہم پیکج لا رہے ہیں اسی طریقے سے جس طرح سردار صاحب نے کہا سی ایم صاحب کے ساتھ یہ ڈسکشن پہ ہے، اس پہ سمری بھی ہم نے موو کی ہے، ان شاء اللہ اس کے اوپر بھرپور تعاون کریں گے ان کے ساتھ۔

جناب سپیکر: جی جی، آئٹم نمبر 8۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین: جناب سپیکر، میں ایک پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: میں بس یہ کرتا ہوں پھر آپ کو موقع دیتا ہوں اس کے بعد، جی شکیل صاحب آئٹم نمبر 8۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا جوڈیشل اکیڈمی مجریہ 2018 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Shakeel Ahmad (Advisor Population Welfare): Janab Speaker! On behalf of Minister for Law, I wish to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Judicial Academy (Amendment) Bill, 2018, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا کے دیہی علاقوں کو پانی کی فراہمی مجریہ 2018 کا متعارف کرایا جانا

Advisor Population Welfare: Item No. 9: On behalf of the Minister for Public Health, I wish to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Rural Areas Drinking Water Supply (Amendment) Bill, 2018, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا کی خواتین کو مقام کار پر ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ، مجریہ 2018 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 10: Minister for Law, Shakeel Khan! Item No. 10: Minister for Law, on behalf of honorable Chief Minister, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Protection against Harassment of Women at Workplaces (Amendment) Bill, 2018 in the House. Ji Shakeel Khan, please.

Advisor Population Welfare: Sir! 10 number?

Mr. Speaker: Ji, item No. 10.

Advisor Population Welfare: Janab Speaker! On behalf of Chief Minister, I do hereby to present the Khyber Pakhtunkhwa, Protection against Harassment of Women at the Workplaces (Amendment) Bill, 2018.

Mr. Speaker: It stands introduced. Ji, Madam Nighat!

رسمی کارروائی

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، دوسرے ایشو پہ آنے سے پہلے ایک اور ایشو ہے جو اس دن سینیٹ کی کمیٹی آئی تھی اور اس میں ہمارے صوبے کا ایک بہت بڑا، ایک ایسا، لیکن I am sorry کہ اس

میں نہ تو ہمارے چیف سیکرٹری کو انہوں نے مدعو کیا تھا وہ بھی نہیں آئے تھے، یہ اس صوبے کے سی پیک کے حوالے بات ہو رہی تھی، صوبے کی ترقی کے حوالے سے بات ہو رہی تھی اور فیڈریشن اور یونٹس کے بارے میں بات ہو رہی تھی، وہاں پر جعفر شاہ صاحب بھی موجود تھے اور دوسرے ہمارے سینیٹرز صاحبان بھی موجود تھے، ہماری جو تمباکو کی فصل ہے اس پہ ایک سو دس ارب روپیہ فیڈریشن والے ہم سے لیکر جاتے ہیں تو سر! اس پہ ابھی تک ہم لوگوں نے کوئی Unanimously قرارداد نہیں لائی ہے، جبکہ یہ ہمارے جو کے پی کے کی جو تمباکو کی فصل ہے اس کا ایک سو دس ارب روپیہ جو ہے یہ ہم سے لیکر جارہے ہیں، یہ پیسہ جو ہے یہ خیبر پختونخوا کو ملنا چاہیئے تاکہ اس سے آگے ترقی کی جو راہیں ہیں، وہ ہموا ہوں گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> میڈم! آپ اس طرح کریں کہ اس پہ ایک Proper کال اٹینشن لے کر آئیں یا کوئی چیز، تاکہ اس کو میں اس کمیٹی کے حوالے کروں، کونکہ میں سمجھتا ہوں کہ میں بھی اسی علاقے سے ہوں، اس پہ کوئی Proper کام کرلیں تو یہ سکندر خان! آپ لوگ اور جو بھی ہمارے اس علاقے میں Tobacco growers ہیں، میں اس پہ پوری قانون سازی بھی کرنا چاہتا ہوں، کیونکہ ٹوبیکو بورڈ کی Contribution بھی اتنی مؤثر نہیں ہے بلکہ Interesting بات یہ ہے کہ صوبائی حکومت نے ایک Nomination بھیجی اور وہاں سنٹر نے کسی اور کو کر دیا، تو اس پہ پوری قانون سازی ہونی چاہیئے، جی میڈم! آپ اپنی بات کریں۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> جناب سپیکر، بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے اور یہ کسی ایک حکومت کا کام نہیں ہے لیکن قصور کا جو واقعہ ہوا ننھی زینب کے ساتھ، ننھی پری کے ساتھ اور اس سے پہلے جو بارہ بچیوں کے ساتھ واقعات ہوئے جناب سپیکر صاحب! اس پہ تو یہ ساری اسمبلی جو ہے وہ مذمت بھی کرتی ہے اور اس پہ ہم لوگ یہ قرارداد بھی لائیں گے لیکن اس پہ میں کچھ چیدہ چیدہ باتیں کرنا چاہوں گی، ہماری جو معاشرتی تہذیب و تمدن اور ہماری جو روایات ہیں وہ روایات کہاں چلی گئیں، ہم کس دوراہے پہ جارہے ہیں؟ جناب سپیکر! اگر آپ کو یاد ہو تو دو ہزار پندرہ میں بھی یہیں پہ کھڑے ہو کے میں نے ان دو سو 80 بچوں کا کیس بھی لڑا تھا اور اس پہ اسمبلی نے باقاعدہ طور پہ ایک Unanimously قرارداد بھی پاس کی تھی کہ اس کی تحقیقات کرائی جائیں اور جناب سپیکر صاحب! وہ دو سو 80 معصوم بچے جو تھے وہ آج بھی بلیک میلنگ کا شکار ہیں کیونکہ قصور کی پولیس یا پنجاب کی پولیس یا پنجاب کے لوگ جو ہیں خواہ وہ ایم پی ایز ہوں، ایم این ایز ہوں، سینیٹرز ہوں، کوئی بھی وہاں پہ اس چیز کو نہیں روک پایا کیونکہ وہ جو بااثر بندہ تھا، وہ ان بچوں کو

Sexual abuse کرتا تھااور پھر اس کے بعد ان کی ویڈیوز بناکر فارن بھیجتا تھااور اس سے، اس کے بعد ان کے ماں باپ کو بھی بلیک میل کرتا تھا، پھر اس کے بعد یہ بچے جو ہیں وہ چوری چکاری اور پھر آخر کار دہشتگردی کی حد تک پہنچ جاتے تھے۔ جناب سپیکر! اگر یہ واقعہ وہیں پر رک جاتا، وہیں پہ ٹھہر جاتا اور وہاں کے لوگ جو ہیں، جو انتظامیہ ہے، جو ایم این ایز ہیں، جو ایم پی ایز ہیں جناب سپیکر صاحب! آج مجھے کہنے دیں کہ اس معاشرتی بگاڑ میں خاص طور پہ ہم سب، چاہے جس پارٹی سے بھی تعلق رکھتے ہوں ہم تمام پارلیمنٹیرین اس کے قصور وار ہیں کیونکہ اگر ایک آدمی کی Constituency میں ایسا واقعہ ہوتا ہے اور وہ اپنے ایس ایچ او کو اپنے ڈی ایس پی کو اور اپنے ان لوگوں کو جو وہاں پہ ان کے اگلے الیکشن کے لئے وہ ان کو تیار کر رہا ہوتا ہے، اگر اس کو وہ Protect نہ کریں تو یہ جرائم جو ہیں کافی حد تک ختم ہو جائیں گے۔ اس میں جناب سپیکر! بارہ بچیوں کے واقعات ابھی جو 2017 میں ہوئے، ایک بچی کائنات کے نام سے ابھی بھی جس کی عمر صرف پانچ سال ہے، جناب سپیکر صاحب! دل دہل جاتا ہے کہ جب اس پانچ سالہ بچی کو ہم ٹی وی پر دیکھتے ہیں جو ابھی تک کومہ میں ہے۔ جناب سپیکر! آج سات آٹھ دن ہو گئے ہیں، جوائنٹ انویسٹی گیشن یعنی ایم آئی، آئی ایس آئی اور ڈی پی او، تمام پولیس، پنجاب کے وزیر اعلیٰ، پنجاب کے لاء منسٹر، پنجاب کے تمام وہ لوگ لگے ہوئے ہیں، ابھی تک اشتہار شائع ہو چکا ہے لیکن آج بھی اس ننھی پری کا وہ درندہ صفت جو قاتل ہے وہ ابھی تک کیفر کردار تک نہیں پہنچا۔ جناب سپیکر! ہم صرف اس روش پر چل چکے ہیں اور میں نے جیسے پہلے کہا کہ ان تمام روشوں کے ہم ذمہ دار ہیں، ہم اس لئے ذمہ دار ہیں کہ ہم اپنے من پسند لوگوں کو بیوروکریسی کی سیٹوں پر صرف آنے والے الیکشنوں کے لئے ان کو بٹھا دیتے ہیں اور پھر ان سے پوچھ نہیں سکتے کہ تمہارے علاقے میں اگر یہ کام ہوا ہے تو یہ کیسے ہوا ہے اور کیوں ہوا ہے؟ کیونکہ ایک ایس پی، ایک ڈی ایس پی اور ایک ایس ایچ او ان کو تمام پتہ ہوتا ہے کہ میرے علاقے میں کون کون سے لوگ جو ہیں وہ مجرم ہیں اور کون کونسے لوگ یہاں پر درندگی کی انتہا کرتے ہیں، جناب سپیکر! جب تک تمام پارلیمنٹرین نے اپنا رویہ نہ بدلا، ننھی زینب اسی طرح Sexual abuse ہوتی رہے گی اور اسی طرح یہ پردے پر آتا رہے گا اور پھر کچھ دن کے بعد کوئی اور نئی بات چلے گی اور یہ قصہ دب جائے گا۔ جناب سپیکر! اسی طرح جب ہم بیٹھتے ہیں تو میں نے یہ Calculate کیا ہے اور ٹی وی چینل سے کیا ہے کہ اس وقت پنجاب سب سے پہلے نمبر پہ ہے، جو Sexual harassment ان بچیوں کے ساتھ ہو رہی ہے اور پانچ سے سات سال کی بچیوں کے ساتھ ہو رہی ہے پنجاب نمبر ون ہے، اس میں قصور نمبر ون،

سر گودھا نمبر ٹو، اسی طرح گجرات نمبر تھری اور لاہور نمبر چار پہ ہیں۔ تو جناب سپیکر! میں آپ کے توسط سے ارباب اقتدار سے پوچھتی ہوں کہ جو شخص پہلے ایک جگہ پہ بیس ہزار کی رشوت لیتا ہوا پایا گیا اس کو اسی جگہ کا، قصور کا ڈی پی او کیوں بنایا گیا، میرا سوال ہے تمام پاکستان کے لوگوں سے کہ پوچھیں کہ اس کو وہاں پہ کیوں لگایا گیا، اور جناب سپیکر! بارہ بچیاں کیا وہ کسی کی بیٹیاں نہیں تھیں، کیا وہ کسی کی لخت جگر نہیں تھیں، کیا وہ کسی کی بہنیں نہیں تھیں؟ جن کے والدین کو ایک سینیئر کلرک جو ہے بار بار وہ تمام چیزیں کرتا ہے اور ابھی تک پکڑا نہیں گیا۔ جناب سپیکر! اس میں ہم قصور وار ہیں، اس میں گورنمنٹ قصور وار ہے، اس میں پولیس قصور وار ہے، اس میں والدین بھی قصور وار ہیں کہ وہ اپنی بچیوں کو، اور اس میں سب سے زیادہ Role اساتذہ کا بنتا ہے جناب سپیکر، کہ ان کو ترتیب دی جائے اور میں آپ کے توسط سے کم از کم یہ ضرور کہوں گی کہ یہاں پہ بھی خیبر پختونوا میں بھی، اسی طرح سندھ، اسی طرح بلوچستان، اور یہ میں آپ کو بتادوں کہ بلوچستان کی قدریں اتنی ہائی ہیں کہ وہ چوتھے نمبر پہ ہے جناب سپیکر! اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کے پی کے دوسرے نمبر پہ ہے اور سندھ تیسرے نمبر پہ ہے اور بلوچستان چوتھے نمبر پہ ہے۔ جناب سپیکر! ہمیں وہ اقدار اپنانی ہوں گی، ہمیں یہاں پہ وہ تمام Bills لانے ہوں گے، ہم یہاں پہ جن کو کمیٹیوں کے حوالے ہم کر دیتے ہیں اور کمیٹیاں چپ چاپ بیٹھی رہتی ہیں کچھ نہیں کرتی ہیں، اس کے لئے ہم نے لیجسلیشن کرنی ہے، اس ہاؤس سے جانے سے پہلے اس کے لئے ہم نے ایسی لیجسلیشن کر کے جانا ہے تاکہ ڈیرہ اسماعیل خان والا واقعہ پیش نہ آئے، تاکہ مشال والا واقعہ پیش نہ آئے، تاکہ مردان والا واقعہ پیش نہ آئے، تاکہ نوشہرہ والا واقعہ پیش نہ آئے، تاکہ یہ ابھی جو سات سالہ بچی، اور جماعت دہم کی وہ بچی جس کو ہزارہ میں قتل کیا گیا ہے ایسا واقعہ دوبارہ پیش نہ آئے جناب سپیکر، ہمارے لئے یہ شرم کا مقام ہے، یہ جو آپ نے آج بل ٹیبل کیا ہے، اس بل کے پیچھے ہم پچھلے چار سالوں سے، کیونکہ یہ تین صوبوں میں Implement ہوا ہے لیکن ہمارے صوبے میں پچھلے پانچ چھ سالوں سے Implement نہیں تھا اور اس میں بار بار تنبیہ بھی آرہی تھی جناب سپیکر، اس پہ ہم چاہتے ہیں کہ ایک قرارداد لائیں اور اس کے ساتھ۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ، اوکے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین</u>: اور اسی کے ساتھ جناب سپیکر، میں ٹرمپ کے حوالے سے بھی بات کرنا چاہوں گی کہ ٹرمپ نے جو پاکستان کو کہا ہے کہ پاکستان دوغلی چال چل رہا ہے جناب سپیکر! میں سمجھتی ہوں کہ

ٹرمپ جیسا پاگل نفسیاتی مریض جو ہے یہ ہمیں حساب دے، ہمارے ایک سو سترہ ارب روپے اس جنگ پہ لگ چکے ہیں اور اس کے اوپر بھی یہاں پہ قرارداد آنی چاہیئے کہ وہ ہمیں جو 'ڈو مور' کا کہتا ہے تو ہم نے ستر ہزار جانیں دی ہیں اور جناب سپیکر! ایک سو سترہ ارب، اس میں کہتا ہے کہ میں نے تینتیس ارب دیئے ہیں، اس میں چودہ ارب دیئے ہیں، باقی کے وہ سب آپ کھا گئے ہیں، آئے ہمارے ساتھ بیٹھے، ایک ایک پائی کا حساب کرے تاکہ ہم اس پاگل کو چاہے اپنی قوم سے چندہ مانگیں، چاہے اپنے غریبوں سے چندہ مانگیں تاکہ ہم اس کے منہ پہ دے ماریں۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ ریزولیوشن آپ نے۔

<u>محترمہ نگہت ارکزئی:</u> اور یہ ریزولیوشن بھی لیکر آپ ٹیبل کریں جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ ریزولیوشن تو میرے خیال میں ٹیبل ہو چکی ہے، آپ سب لوگوں نے یہ ریزولیوشن پڑھی ہے؟ سیکرٹری صاحب، یہ ریزولیوشن ٹیبل ہو چکی ہے؟ آپ سب کے پاس Available ہو گی اس ریزولیوشن کو آپ پڑھ لیں اور اگر آپ، کون اس ریزولیوشن کو پیش کرے گا یہ جو آپ نے؟ آپ اپنی ریزولیوشن کو پہلے پڑھ لیں، میرے خیال میں ٹیبل ہو چکی ہے نا، جی۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> سب نے اس پر پالیسی دینی ہے تو میرے خیال میں جناب سپیکر، ان کو بھی اگر موقع مل گیا تو بڑی اچھی بات ہو گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا، اس پہ، جی عظمیٰ!

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> شکریہ۔ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> آج خواتین کا دن ہے ان شاء اللہ پورا بولیں گی، جی۔

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> جناب سپیکر، مجھے اس بات پہ افسوس ہوتا ہے کہ خواتین کو دن تب ملتا ہے جب خواتین کے ساتھ ایسا سلوک ہوتا ہے، اگر ہر دن خواتین کا دن ہوتا تو کوئی ان کو بری نظر سے دیکھنا بھی گوارا نہ کرتا۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، ماشاء اللہ میڈم نگہت اور میڈم انیسہ جتنا وقت لیتی ہیں تو آپ سب کا کور کرتی ہیں یہ سارا کچھ۔

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> تھینک یو سوچ۔ سپیکر صاحب، آپ نے مجھے اس ایشو پر بولنے کا ٹائم دیا اور نگہت صاحبہ نے بڑی ڈیٹیل اس پہ ڈسکشن کی، لیکن میں اس ایک بات پر گلہ مند ہوں کہ جب اس ایوان میں کمیٹی بنی تھی، وہ بھی نگہت صاحبہ کی ایک موشن پر بنی تھی، Harassment پر، اور اس کی چیئر مشتاق غنی صاحب

کے پاس تھی اور ڈیڑھ سال ہو گیا ہے اس کی ایک میٹنگ مشتاق غنی صاحب نے نہیں بلائی تو جناب سپیکر! یہ بھی قابل تشویش امر ہے کہ ان چیزوں کو کیوں اہمیت نہیں دی جاتی؟

(عصر کی اذان)

جناب سپیکر: جی، میڈم عظمیٰ!

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب، اگر میں قصور کے واقعے کا ذکر کروں، مردان کے واقعے کا ذکر کروں، نوشہرہ میں بچی کے ساتھ ہونے والے واقعے کا ذکر کروں یا ڈی آئی خان میں خاتون کے ساتھ ہونے والے واقعے کا ذکر کروں تو اس میں کوئی ایک بندہ Responsible نہیں ہمارا پورا معاشرہ ہے۔ ایک طرف ہم بات کرتے ہیں کہ عورت کو مرد کے شانہ بشانہ کام کرنا ہے اور ترقی کی راہ پر ملک کو گامزن کرنا ہے اور جب وہ گھر سے باہر نکلتی ہے تو یہ سلوک کیا جاتا ہے جناب سپیکر؟ اگر حکومت اتنی Sincere ہے بچوں کو تحفظ دینے میں، تو مجھے اس بات کا جواب دیا جائے کہ صوبے میں موجود بارہ ڈسٹرکٹ میں چائلڈ پروٹیکشن یونٹس جو کام کر رہے تھے وہ صرف اس وجہ سے بند کر دیئے گئے کہ ان کے پاس فنڈ نہیں ہے۔ تو کیا یہ گورنمنٹ کی Priority ہے کہ وہ بی آر ٹی بنائے یا ان بچوں کو تحفظ دے؟ جناب سپیکر! اس گورنمنٹ کی تو Priority تھی کہ وہ پبلک پر انویسٹ کرے گی، وہ ڈیویلپمنٹ پر انویسٹ نہیں کرے گی، تو چائلڈ پروٹیکشن یونٹ کیوں بند کئے گئے؟ صرف فنڈ کا بہانہ بنا کر اس کو بند کیا گیا جناب سپیکر! ہم نے پچھلے سیشن میں بھی یہی ڈیمانڈ کی تھی کہ جو واقعات خواتین کے ساتھ ہو رہے ہیں اس پر اس اسمبلی کو آپ رپورٹ کریں، آپ کی رولنگ کے باوجود کسی پولیس آفیسر نے، آئی جی پی نے، نہ کسی Concerned ڈسٹرکٹ کے ڈی پی او نے کوئی رپورٹ ہمیں نہیں بھیجی اور یہی چیز اس کیس کے ساتھ بھی ہو گی جناب سپیکر! کہ ڈی پی او مردان ہمیں کوئی رپورٹ نہیں کرے گا، کیونکہ وہ ہمیں کوئی حیثیت ہی نہیں دیتا، ہماری ایسی حیثیت ہی نہیں ہے کہ ہم آج کل پولیس سے کچھ مانگیں، پولیس کو اٹانومس کر دیا گیا ہے جناب سپیکر! وہ تو ہمارا فون تک نہیں، Call receive نہیں کرتا تو رپورٹ اسمبلی کو دینا یہ تو بڑی بات ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

محترمہ عظمیٰ خان: اس پر آپ ضرور ایکشن لیں کہ وہ رپورٹ کرے اسمبلی کو۔

جناب سپیکر: آمنہ، پلیز مختصر تاکہ دو منٹ میں پلیز، جی جی۔

محترمہ آمنہ سردار: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ۔ جناب سپیکر، قصور کی جو بچی زینت تھی وہ صرف قصور کی یا پنجاب کی بچی نہیں تھی وہ ہم سب کی بچی تھی،اس کے لئے ہر دل دکھی ہوااور ہر آنکھ اشک بار ہوئی لیکن اسی کی طرح ڈی آئی خان کی شریفاں بھی ہماری بچی تھی، مردان کی اسماء، نوشہرہ کی معصوم بچی، مانسہرہ کی بچی، دسویں جماعت کی بچی جس کے ساتھ زیادتی کر کے اسے قتل کیا گیاوہ بھی ہماری بچیاں ہیں۔ افسوس مجھے اس بات کا ہوتا ہے کہ ہم صرف ایک ہی بات کو، واقعے کو لیکراس کے اوپر سیاست کرتے ہیں ہمیں سیاست نہیں کرنی ہے جناب سپیکر! اس کے اوپر ہمیں پورے دل سے، پورے ہوش و حواس سے ہمیں اس پہ لیجسلیشن کرنے کی ضرورت ہے، قانون سازی کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک اور عجیب وغریب اور ایسا خوفناک واقعہ جو میں ابھی آپ کے سامنے بتانے جارہی ہوں، حویلیاں کے ایک باپ نے اپنے دوبیٹوں کے ساتھ جنسی زیادتی کی، اس سے بڑھ کر ہم کس طرف جارہے ہیں، ہم کس کس چیز کی مذمت کریں؟ ہمیں تو یہ افسوس ہوتا ہے کہ اب ہم شرم سے زمین میں گڑھ جائیں یا اس حدیث کے مفہوم کے مطابق کہ جب زمین کی پشت ہمارے لئے بہتر نہ رہے تو ہم زمین کے پیٹ میں چلے جائیں اب تو وہ وقت آگیا ہے کہ ہم واقعی زمین کے اندر دھنس جائیں۔ جناب سپیکر! یہ جس طرح عظمیٰ بی بی نے کہا کہ یہ ہم سارے، ہمارا پورا معاشرہ اس کا قصوروار ہے۔ دین سے دوری، قرآن کریم کی تعلیمات کا نہ ہونا، ان سے Aware نہ ہونا، والدین کی توجہ، اساتذہ کی لاپرواہی بر تنا یہ سارے وہ Factors ہیں جو ہمیں اس کنویں کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ ہمیں اپنے بچوں کو، ان کے ہاتھوں میں ہم نے موبائل تھمادیئے ہیں، ان کے ہاتھوں میں ہم نے ٹیپ دے دیئے ہیں، یہ بھی ہماری ایک کوتاہی ہے جس کی وجہ سے وہ، بچوں کا تو اس میں کوئی قصور نہیں، لیکن ہمارے جو بڑے جو بالغ لوگ ہیں، مجھے سمجھ نہیں آتی میں کس طریقے سے اپنے دکھ کا اظہار کروں، مجھے سمجھ نہیں آتی میں کس طریقے سے احتجاج کروں؟ آج آپ نے کہا کہ خواتین کا دن ہے آپ کا بہت شکریہ۔ آپ نے ہمیں بات کرنے کا موقع دیا لیکن پھر وہی بات ہے کہ ہم ایسے ہی ایشو پر بات کر کے دکھی ہوتے ہیں تو میری گزارش آپ سے یہ ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

محترمہ آمنہ سردار: کہ آپ کی طرف سے کوئی جو مردان کا واقعہ ہوا، جو نوشہرہ کا واقعہ ہوا، ڈی آئی خان کا واقعہ ہوا، حویلیاں کا واقعہ ہوا، مانسہرہ کا واقعہ ہوا یہ تو ہمارے Jurisdiction میں ہے، یہ تو خیبر

پختونخوا میں ہے تو اس میں کم از کم یہاں پہ اسمبلی کی طرف سے، آپ کی طرف سے ڈائریکٹیو آ جائیں اور آپ انسٹرکشن دیں ان کو۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ فوزیہ بی بی، فوزیہ بی بی۔

محترمہ بی بی فوزیہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ۔ جناب سپیکر، کہ آپ نے مجھے اس اہم ایشو پر بات کرنے کا موقع دیا۔ جناب سپیکر، واقعہ چاہے قصور کا ہو، چاہے نوشہرہ کا ہو، حوا کی بیٹی ہر جگہ پہ ظلم کا شکار ہے، انتہائی افسوس کا مقام ہے جب اس بچی کو پہلے اغواء کیا، بعد میں اس کے ساتھ ریپ ہوا پھر اس کو قتل کیا، لیکن اس سے بھی افسوس کی بات یہ ہے کہ ابھی تک اس بچی کے قاتلوں تک Access نہیں ہوا ہے، اگرچہ تمام جو پنجاب کی حکومت کوشش کر رہی ہے، ہم کبھی بھی ایسے ایشوز کو سیاسی رنگ دینا نہیں چاہتے ہیں، نہ ہم چاہتے ہیں کہ ہم اس مسئلے کو سیاسی رنگ دیں لیکن جناب سپیکر! اسمبلی کے اندر بھی لوگ اس پہ ڈسکشن کرتے ہیں، اسمبلی سے باہر سول سوسائٹی بھی اس پہ ڈسکشن کرتی ہے، اب اس مسئلے کو ہم نے خود ہی ایڈریس کرنا ہے۔ میں اس موقعے پہ میڈیا کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی کہ میرے خیال میں پہلی دفعہ اس طرح کے واقعے کو بہت زیادہ کوریج ملی، پورا دن تمام میڈیا، چینلز پہ اس ایشو پہ بات ہوئی ہے یہ بہت بڑی بات ہے کہ میڈیا نے اس کو پوری کوریج دی۔ میری تمام جتنی بھی میری Colleagues ہیں ان سے یہ گزارش ہو گی، خاص جماعت، جو مذہبی جماعت کے نمائندے ہیں کہ ہم سب نے اس کے لئے لیجسلیشن کرنی ہے، کیونکہ لیجسلیشن شرعی قوانین کو اگر ہم نافذ کریں گے، مذہب نے ہمیں سب سے آسان راستہ بتایا ہے کہ اس طرح کا کوئی بھی ایشو آتا ہے تو ہم شرعی قوانین کو نافذ کریں تو ہم سب نے مل کے چاہے وہ سیاسی جماعتیں ہیں، چاہے وہ مذہبی جماعتیں ہیں، سب نے مل کر اس کے لئے لیجسلیشن کرنی ہے تاکہ اس طرح کے مستقبل میں واقعات نہ ہوں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: نرگس، میڈم نرگس، بس دو دو منٹ سب کو دیتا ہوں، پھر کیونکہ میں نے بھی ایک دو باتیں کرنی ہیں، میں کہتا ہوں کہ یہ صرف آپ کا ایشو نہیں ہے، اس میں ہمارے جو سینیئرز دو تین لوگ ہیں بات بھی کر لیں گے اس کے اوپر، اس کے بعد ریزولیوشن پاس کر لیں گے، بس Enough، اوکے میڈم! ایک دو منٹ میں بات کر لیں جی۔ پلیز.

محترمہ نرگس: تھینک یو۔ سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: میں، جی جی۔

محترمہ نرگس: تھینک یو۔ سر، آپ نے ہم خواتین کو آج کا دن دیا ہے بہت شکریہ آپ کا، میں ایک بات کہنا چاہ رہی ہوں کہ یہاں پر بار بار لیجبلیشن کی بات ہو رہی ہے، لیجبلیشن کی بات ہو رہی ہے تو دو ہزار سال پہلے جو ہمارے اسلام نے قوانین بنائے تھے وہ کدھر گئے ہیں کہ آج یہ قوانین کی بار بار بات ہوتی ہے کہ قانون سازی ہونی چاہیئے؟ قانون سازی ہونی چاہیئے، یہ قانون سازیاں تو ستر پچہتر سال سے چل رہی ہیں، مجھے Implementation دکھا دیں اس پر؟ آج اگر Implementation ہوتی، سر عام ان لوگوں کو پھانسیاں دی جاتیں، ان کو سنگسار کیا جاتا تو آج ہمارے بچوں کے ساتھ اس طرح کے واقعات نہ ہوتے، کہ عنبرین کا قصہ ہوا ایبٹ آباد میں، مانسہرہ میں ایک قاری صاحب نے بچی کے ساتھ اس طرح کیا، مردان میں ہوا، کہاں کہاں پہ میں نام لوں، پورے پاکستان کے بچے بچیاں ہمارے اپنے بچے بچیاں ہیں مگر ہم کیوں ان پر Implementation نہیں کرتے؟ آج ہم بیٹھ کر اس پر لیجبلیشن کریں گے کہ اس پر لیجبلیشن ہونی چاہیئے، میری ریکویسٹ ہے لیجبلیشن کو چھوڑ کر ہم ساروں کو ہم آواز ہونا چاہیئے، میڈیا کا سب سے زیادہ رول اس میں آتا ہے کہ اس نے جس طرح اس واقعے کو Highlight کیا، میں Appreciate کرتی ہوں ان کو کہ اگر آج وہ نہ ہوتے تو یہ واقعہ کسی کے ذہن میں بھی نہ آتا کہ یہاں پر کسی زینب کے ساتھ اس طرح کا قصہ ہوا ہے یا کسی اور بچے کے ساتھ، ہم اسی طرح کرتے رہیں گے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی میڈم معراج ہمایون، میڈم، اس کے بعد آپ کر لیں گی، پھر اس کے بعد ریزولیوشن پاس کر لیں گے، جی میڈم معراج ہمایون۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره مهربانی۔ سپیکر صاحب، ډیره مهربانی ستاسو مونږ له د نن ورځ راکړه، مونږ ته پته نه وه مونږه لږ زیات تیاری به کړے وو، مونږ خپل ریزولیوشنز، خپل بلز به په دیکښې راوستی وو، هغه په ایجنډا کښې راغلو نو ډیره ښه خبره وه۔ دا د زینب دې کیس کښې جی د هغې د فکر خبره دا ده چې زینب پینځه ورځې اغواء وه او پنجاب حکومت ته پته ورته لګیدلې وه، معلومات ورته شوی وو، د هغې هغه رشته داران پولیس ته ئے رپورټ کړے وو او پینځه ورځې هغه هډو چا پیشرفت نه وو کړې، د پنجاب پولیس نه به درله ځکه ګیله درځی چې تاسو چرته به وئ، تاسو باندې هډو څه اثر اونکړی چې یو ماشومه جینئی د پینځوؤ ورځو نه غائبه ده، پخپل کور نه هغې پسې خلق ګرځی، هغه تاسو

نه وئ که هغوی په وخت باندې ایکشن اخستې وے نو دا ماشومه به بچ شوې وه، سوشل میډیا په دې شکریه ادا کوی چې هغوی هغه تصویرونه ئے ورکړل او خلقو ته پته اولګیده۔ بیګاه چې کومه شوې ده، زما Concern دا دے، هغه خو د پنجاب خبره ده، هغې ماشومې، په هغې زما زړه هم سم دړدیږی او د هغې د پاره مونږه ډیر ژړلی دی او ډیرې دعاګانې کړی دی، د موره پلاره ته چې خدائے صبر ورکړی، فیملی له چې چا کور کښې دا شان اوشی خو دا بیګاه چې زمونږه دې ماشومې سره کوم اوشوله مردان کښې، هغه نن راغلې هم ده، په میډیا راغلې هم ده، صرف سوشل میډیا کښې او زه د ډی ایس پی او ایس پی مردان سره د خبره کولو کوشش کړے هم دے خو څه Response نه دے ملاؤ شوې۔ د دې نه علاوه د زنانوؤ په باره کښې هم رپورټ نه دے راغلے، مونږ ډیپارټمنټ نه تپوس اوکړو چې رپورټ ولې نه دے راغلے ؟ او اوس خو ماشومانو خبره هم راغله۔ مونږه د ښځو خبره اوکړله، اوس د ماشومانو خبره هم راغله، مونږ هغه د زنانوؤ والا رپورټ چې چرته د Violence cases دی، هغه د مونږ ته نن پیش کړے شی خو په هغې باندې خو هحیڅ څه ایکشن وانخستو، نه ئی رپورټ شته، نه څوک وائی، دا هوم ډیپارټمنټ څه کوی او ماشومان چې دې ورځ په ورځ دا کیسز سیوا کیږی، د میډیا دغه مونږه شکریه ادا کوؤ چې دا مخکښې به هم کیسز کیدل خو اوس هغه مخامخ شول، مخکښېInvisible وو، ماشومانو هم Invisible وو او د ښځو هم Invisible وو۔ نو شکر دے چې هغه مخامخ راشی او مونږه به اسمبلئ کښې په هغې باندې ډیبیټ اوکړو او په دې باندې Recommendation او Implementation په دې سخت کول غواړی او سکولز کښې او کالجز کښې او یونیورسټیز کښې په باندې Awareness او کمیونټی کښې هغه کول غواړی۔ حکومت له هم پکار ده چې-----

جناب سپیکر: شکریہ۔ میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ۔ جناب سپیکر، میں سمجھتی ہوں کہ ایک بہت اہم ریزولیوشن ہے جو آج پیش ہوئی، اس واقعے پہ جتنی بھی جس کی مذمت کی جائے وہ کم ہے، ایک گھناؤنا جرم جس نے ادا کیا اس کو میں سمجھتی ہوں کہ ایک قرار واقعی سزا ملنی چاہیئے۔ پورے پاکستان میں جس طریقے سے اس کی مذمت کی گئی اور اس پر جتنے دل دکھی ہوئے یہ ہم سمجھتے ہیں کہ کوئی مثال نہیں ہے اور اس کی کوئی نظیر نہیں

